سعی کی دعا

سعی شروع کرتے وقت یہ دعا پڑھے:

«إِنَّ الصَّفَا والْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللهِ، أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللهُ بِهِ»

"بیشک کوہ صفا ومروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں جس چیز کو اللہ نے پہلے ذکر کیا ہے میں بھی اسی سے شروع کرتا ہوں"۔(مسلم)

صفا اور مروہ کے ہر پھیرے میں قبلہ رو کھڑے ہو کر اللہ تعالی کی حمد وثنا اور تسبیح وتہلیل کرنا اور دعا مانگنا مسنون ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے تین بار اللہ اکبر کہے پھر یہ دعا پڑھے

"«لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ ، أَنْجَزَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الأَحْزَابَ وَحْدَهُ»

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی سلطنت ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا سب جتھوں کو شکست دی"۔(مسلم)

صفا اور مروہ کے درمیان چلتے ہوئے پڑھنے کے لئے کوئی خاص دعا منقول نہیں، البتہ بعض صحابہ کرام مثلا حضرت علی، حضرت عبد اللہ بن عمر اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم سے یہ دعا منقول ہے:

"رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ "

"اے اللہ بخش دے اور رحم فرما، تو ہی سب سے زیادہ عزت والا اور سب سے زیادہ بزرگ ہے "۔ (مصنف ابن ابی شیبہ)

اس کے علاوہ قرآن وحدیث کی دعاؤں میں سے جو دعا چاہیں پڑھیں۔